# اِدارۂ اخوانُ السّادات گلاوٹھی (رجسٹرڈ) کراچی

رابطہ کمیٹی

چیئرمین

**خرم واسطی**

(ممبران)

**سید محمد علی زیدی**

**سید بدرعالم زیدی**

**سید سلمان غنی**

**سید عارف حسن**

**مسز فرحانہ راشد**

صدر:

**سید صفدرعلی**

سیکریٹری:

**سید وسیم هاشمی**

سیکریٹری مالیات:

**سید فرخ غنی**

## رابطه 6

معززاراکین ادارہ،

اسلام وعلیکم۔ نیا سال مبارک

اللہ تعالٰی سے دُعا ہے کہ یہ سال ہم سب کے لئے خوشی ترقی اور کامرانی کا سال ہو۔میں ادارے کی جانب سے آپ سب ممبران کی صحت اور درازی عمر کے لئے دُعا گو ہوں۔

الحمداللہ رابطہ کا سلسلہ جاری ہے۔رابطہ کا نیا شمارہ حاضر خدمت ہے۔ہمیشہ کی طرح آپ سے مُلتمس ہوں۔کہ اپنے گھرانے کی خبریں رابطہ کمیٹی کو بھجواتے رہیں۔رابطہ کی اشاعت آپ کے تعاون کی **مرحون منت** ہے۔

آپ کے مشوروں اور دعاؤں کا طلبگار۔

سیّد وسیم ہاشمی

مُعتمد

## اطلاعات / مبارکبادیاں

☆ جناب سید شاہ عالم زیدی ولد سید آفتاب عالم زیدی کو اللہ تعالیٰ نے بیٹی کی نعمت سے نوازا۔ بچی کا نام مریم رکھا گیا ہے۔ ادارے کی جانب مبارک باد قبول کیجئے۔

☆ جناب سید آصف جمیل کی صاحبزادی مہرین کو اللہ تعالیٰ نے اولادِ نرینہ سے نوازا ادارے کی طرف سے مبارکباد۔

☆ مرحوم سید انجم پرویز کے صاحبزادے ریحان انجم کی شادی بخیر وخوبی انجام پائی ادارے کی طرف سے مبارکباد۔

☆ جناب عمر شکیل ولد میجر سید محمد شکیل کی شادی وجیہہ کمال بنت محسن کمال صاحب کے ساتھ بخیر وخوبی کراچی میں ہوئی۔ ادارے کی طرف سے مبارکباد قبول فرمائیے۔

☆ سید احسن واسطی مرحوم کے صاحبزادے جناب ہمایوں احسن واسطی کی شادی کراچی میں بخیر وخوبی انجام پائی۔ ادارہ آپ کی فیملی کو مبارکباد پیش کرتا ہے۔

☆ جناب اسرار حسن صدیقی صاحب کی بیٹی کی شادی کراچی میں بخیر وخوبی انجام پائی۔ ادارہ کی جانب سے مبارکباد قبول فرمائے۔

☆ ادارے کے رُکن جناب سید کفایت اللہ صاحب کی پوتی اور جناب عشرت اللہ صاحب کی بیٹی کی شادی کراچی میں بخیر وخوبی انجام پائی، ادارہ آپ کی فیملی کو مبارک باد پیش کرتا ہے۔

☆ جناب عدنان غنی صاحب نے اپنے بیٹے ابراہیم کے عقیقے کی تقریب منعقد کی۔ ادارے کی جانب سے مبارکباد۔

☆ مدیحہ ہاشمی بنتِ سیّد ہاشمی نے امریکہ سے MPA کی ڈگری امتیازی نمبروں سے حاصل کی۔ تعلیم مکمل کرنے کے بعد مدیحہ ہاشمی نے دبئی میں SZABIST یونیورسٹی میں فُل ٹائم فیکلٹی ممبر کی حیثیت سے ملازمت اختیار کرلی۔ ادارہ آپ کے درخشاں مستقبل کے لئے دُعاگو ہے۔

☆ ادارے کے جوائنٹ سیکریٹری جناب خُرم واسطی صاحب کے یہاں بیٹے کی ولادت ہوئی۔ نومولود کا نام انس واسطی رکھا گیا۔ ادارہ جناب سیّد مُبشر واسطی صاحب اور جناب خُرم واسطی صاحب کو مبارکباد پیش کرتا ہے۔

☆ ادارے کے رکن جناب سیّد سلمان غنی کی صاحبزادی علینا سلمان نے نویں جماعت کا امتحان امتیازی نمبروں سے پاس کیا ہے۔ علینا کے درخشاں مُستقبل کے لئے ادارہ دُعاگو ہے۔

☆ ادارے کے رکن جناب مقصود صاحب کی بیٹی کی سالگرہ کراچی میں منعقد ہوئی۔ ادارے کی جانب سے مبارکباد قبول کیجیے۔

☆ ہماری برادری کے درج ذیل اراکین نے اس سال حجِ اکبر کی سعادت حاصل کی۔

- جناب سیّد عدنان واسطی صاحب
- بیگم و تصدق حسین صاحب
- بیگم محترم شیر افگن صاحب
- جناب سیّدمنصوب علی زیدی صاحب
- محترمه فیروزه بیگم زیدی صاحبه
- جناب و بیگم سیّدنعیم احمد صاحب

ادارے کی جانب سے تمام حاجی صاحبان کو مبارکباد

☆ ادارے کے رکن جناب اویس مقصود صاحب امریکہ سے تشریف لائے ہوئے ہیں۔ادارہ آپکو خوش آمدید کہتا ہے۔

☆ جناب محمد اقبال صاحب لندن سے تشریف لائے ہیں۔ادارہ آپ کو خوش آمدید کہتا ہے۔

☆ ادارے کے رکن سید نسیم ہاشمی کے بیٹے سید عدیل ہاشمی A.C.C.A کی تعلیم کے لئے لندن روانہ ہوگئے ہیں۔ادارہ آپ کے درخشاں مستقبل کے لیے مستقبل کے لئے دُعا گو ہیں۔

☆ ادارے کے رکن جناب سید محسن کمال صاحب جدہ سے کراچی تشریف لائے۔ادارہ آپ کو خوش آمدید کہتا ہے۔

☆ ادارے کے رکن جناب خالد کمال صاحب امریکہ سے کراچی آئے ہیں۔ادارہ آپ کو خوش آمدید کہتا ہے۔

☆ ادارے نے ممبر شپ کے حوالے سے اس مہینے مندرجہ ذیل برادری کے معزز افراد کو ادارے کی تاحیات رُکنیت فراہم کی۔ان ممبران کو ادارے کے رکن جناب سید عابد علی عابد صاحب نے متعارف کرایا۔ادارہ نئے ممبران کو ان کی آمد پر خوش آمدید کہتا ہے۔

- محترمہ اختر منور صاحبہ
- محترمہ شگفتہ خالدصاحبہ
- جناب توصیف ظفر صاحب

## تبدیلی پتہ

☆ جناب سید مطلوب علی زیدی کا نیا رہائشی پتہ درج ذیل ہے۔
A-12 گلشن ٹیرس، گراؤنڈ فلور، بلاک 11، گلشنِ اقبال کراچی۔

## انتقال پُر ملال

☆ جناب سید مطلوب علی زیدی صاحب کی پوتی اور ڈاکٹر معظم زیدی صاحب کی صاحبزادی کا کار حادثے میں انتقال ہوگیا۔ یہ حادثہ دبئی میں پیش آیا۔ ادارہ مرحومہ کے لواحقین کے غم میں برابر کا شریک ہے۔

☆ ادارے کے رکن جناب سید قطب الدین صاحب کے داماد کا بہاولپور میں بارضائے الٰہی انتقال ہوگیا۔ اللہ تعالٰی مرحوم کی مغفرت فرمائے (آمین)۔ ادارہ آپ کی فیملی کے غم میں برابر کا شریک ہے۔

☆ بیگم سید محمد قسیم واسطی صاحبہ کا بارضائے الٰہی کراچی میں انتقال ہوگیا، اللہ تعالٰی مرحومہ کی مغفرت فرمائے (آمین)۔

☆ ناصر برنی صاحب کی بیگم محترمہ تنظیم فاطمہ صاحب کا بارضائے الٰہی انتقال ہوگیا ہے۔ اللہ تعالٰی مرحومہ کی مغفرت فرمائے۔ ادارہ مرحومہ کی مغفرت کے لئے دُعا گو ہے۔

## اطلاع

☆ سید مُبشر واسطی صاحب کی بیگم کی برسی کے سلسلے میں 11 فروری بروز اتوار بعد نمازِ ظہر سید مبشر واسطی صاحب کی رہائش گاہ پر قرآن خوانی ہوگی۔ برادری کے تمام خواتین و حضرات سے شرکت کی درخواست ہے۔